خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو مہم کا دوسرا دن، مراکز پر ہزاروں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے گئے

کراچی ۔۔۔7، مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سہ روزہ انسداد پولیو مہم دوسرے روز بھی کراچی سمیت سندھ بھر میں جاری رہی۔تفصیلات کے مطابق خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت پولیو کے موذی مرض کے خاتمے کیلئے مخصوص ماہ میں باقاعدہ سے انسداد پولیو مہم شروع کی جاتی ہے تاکہ صوبہ اور ملک کی سطح پر اس موذی مرض سے بچوں کو نہ صرف رکھا جاسکے بلکہ اس کا جڑ سے خاتمہ کیا جاسکے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز بھی فاؤنڈیشن کے مراکز میں زبردست رش دیکھنے میں آیا اور بچوں کے والدین نے فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو مہم باقاعدہ سے جاری رکھنے پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کے فوائد براہِ راست عوام تک پہنچتے ہیں جس پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی سمیت سندھ بھر میں گشتی ٹیمیں بھی تشکیل دی گئیں ہیں جنھوں نے گھر گھر جاکر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے اور والدین کو اس موذی مرض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہی فراہم کی۔

ایم کیو ایم ملیر اور لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن حبیب احمد کی والدہ محترمہ سنجیدہ بیگم اور ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 156 کے کارکن یونس خان کی ہمشیرہ محترمہ صابری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

لیاقت آباد ٹاؤن ورکنگ کمیٹی کے مسیحی رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، مئی 2008ء۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لیاقت آباد ٹاؤن ورکنگ کمیٹی کے رکن عمران جاوید کے والد جاوید مسیح کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

روزنامہ جنگ اور دی نیوز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔7 مئی 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ دی نیوز کے کارکن عبدالسمیع الحئی کی والدہ اور روزنامہ جنگ کے کارکن ہدایت اللہ چھٹو کے والد محمد حسین چھٹو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدرد کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔آمین دریں اثنا ایم کیو ایم کی میڈیا کمیٹی کے ارکان نے بھی عبدالسمیع کی والدہ اور ہدایت اللہ کے والد محمد حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆